# 20-11-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) سی ایم ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ترقیاتی کاموں کے لئے حکومت کی جانب سے حاصل کی جانے والی زمینوں کے معاوضہ کی رقم میں اضافہ کا فیصلہ کیا گیا ہے۔انہوں نے ضلع سرسلہ میں مختلف ترقیاتی پروگراموں میں شرکت کی۔

(۲) پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے پیش نظر مرکزی حکومت کی جانب سے اِس ماہ کی 24 تاریخ کو کل جماعتی میٹنگ منعقد ہوگی۔

(۳) صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے ریاست کا دوروزہ دورہ کریں گی۔

اور

(۴) اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ہندوستان کی اختراعی معیشت ابھر کر 30 بلین ڈالر صنعت والی ہوگئی ہے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ضلع راجنا سرسلہ میں مختلف ترقیاتی پروگراموں اور اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے تحت مکانات کا سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے مڈنا میر ذخیرے آب کے بے گھر 4696 خاندانوں کے لئے اندراماں اسکیم مکانات کے سلسلہ میں بھومی پوجا کی۔ یہ مکانات 235 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جائیں گے۔یارن ڈپو کی تعمیر کے لئے جس کے لئے 50 کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے،سنگ بنیاد رکھنے کے علاوہ وزیراعلیٰ نے 45 کروڑ رروپے کی لاگت سے ملاواگھو برج سے دیوستھانم تک سڑک کی توسیع کے کاموں کا بھی آغاز کیا۔اِس کے علاوہ ریونت ریڈی نے کوناراؤپیٹ منڈل میں اعلیٰ سطحی برج کے تعمیری کاموں کا آغاز کرنے کے علاوہ 166 کروڑ روپے کی لاگت سے ہاسٹل بلاک اورایک میڈیکل کالج کے تعمیری کاموں کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔اس کے علاوہ انہوں نے میدی پلی منڈل میں واقع ردرنگی منڈل جونیر کالج کی عمارت کے احاطہ میں اڈوانس ٹکنالوجی سنٹر کے کاموں کا افتتاح کرنے کے علاوہ ڈرین کے تعمیری کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔سی ایم نے اس کے علاوہ سرسلہ ٹاؤن میں پولیس سپرنٹنڈنٹ کے دفتر کے لئے بھی سنگ بنیاد رکھنے کے علاوہ ویملواڑہ میں لائبریری کی عمارت اور ویمنس ہاسٹل کی عمارت کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ یہ عمارت 4.80 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی جائے گی۔اس سے پہلے سی ایم نے ویملواڑہ میں واقع راجیشوراسوامی ٹمپل میں پوجا بھی کی۔انہوں نے اس دورہ کے دوران دھرما گنڈم میں واقع مندر کے احاطہ میں بھی ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ نے کوڑنگل کے سابق ایم ایل اے نریندر ریڈی کو جس انداز میں گرفتار کیا گیا، اس پر آج تشویش کا اظہار کیا ہے۔ریڈی کو وقارآباد میں لگاچرلہ کے مقام پر پیش آئے واقعہ کے سلسلہ میں گرفتار کیا گیا ہے۔ان کی گرفتاری اور تحویل میں دئے جانے کے معاملہ میں داخل کردہ ایک درخواست کی عدالت میں آج سماعت ہوئی۔ہائی کورٹ نے نریندر ریڈی کے ساتھ دہشت گرد جیسا سلوک کئے جانے کی ضرورت پر سوال اٹھایا جیسا کہ انہیں حیدرآباد کے کے بی آر پارک میں صبح کی چہل قدمی کے دوران گرفتار کیا گیا تھا۔عدالت نے یہ بات نوٹ کی کہ نریندر ریڈی کی گرفتاری کے دوران سپریم کورٹ کے رہنما خطوط کی خلاف ورزی کی گئی۔عدالت نے اس معاملہ کی سماعت کے بعد اپنا فیصلہ محفوظ رکھا۔

☆☆☆

پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے پیش نظر اس ماہ کی 24 تاریخ کو مرکزی حکومت کی جانب سے کل جماعتی میٹنگ منعقد کی جائے گی۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اس میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ میٹنگ کے دوران حکومت اِس بات کی کوشش کرے گی کہ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے اجلاسوں کی عمدگی سے کارکردگی کو یقینی بنانے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کی حمایت حاصل کی جائے۔ سرمائی سیشن کا اس ماہ کی 25 تاریخ سے آغاز ہوگا جو 20 دسمبر تک جاری رہے گا۔ بہر حال 26 نومبر کو پارلیمانی سیشن نہیں ہوگا کیونکہ اس دن یوم دستور منایا جائے گا۔

☆☆☆

تلنگانہ اسٹیٹ ڈرگ کنٹرول اسوسی ایشن (ٹی ایس ڈی سی اے) نے بازار میں مختلف لیبلوں کے ساتھ گمراہ کن دعوؤں کے ذریعہ فروخت کی جانے والی مختلف دواؤں کو ضبط کرلیا ہے۔ محکمہ نے کہا ہے کہ اِن دواؤں کو فروخت کرتے ہوئے یہ دعویٰ کیا جارہا تھا کہ ان سے بخار، ذیابیطس، آنکھوں کی مختلف بیماریاں اور گردوں میں پتھری جیسے امراض کا علاج ہوسکتا ہے۔ اس طرح کے گمراہ کن دعوے، ڈرگس اور میجک ریمیڈیز (قابل اعتراض) اشتہارات کے قانون 1954ء سے تضاد رکھتے ہیں۔ ٹی ایس ڈی سی اے کے ڈی جی کملاسن ریڈی نے آج ایک پریس ریلیز میں یہ بات بتائی۔

☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ نے ایک اہم فیصلہ میں ریاستی وقف بورڈ کے خلاف رادھا کرشنا نامی ایک شخص کی جانب سے داخل کردہ درخواست کو خارج کردیا ہے۔ اس درخواست میں اس بات کی خواہش کی گئی تھی کہ ضلع میڑچل ملکاجگری میں واقع عاشورخانہ نعل مبارک کی ملکیت والی 300 ایکر وقف زمین کا تحفظ کیا جائے۔ درخواست گزار نے دعویٰ کیا تھا کہ پلاٹ نمبر 634، سروے نمبر 219 کے تحت متنازعہ اراضی پر اس کا ایک پلاٹ ہے۔ اس سلسلہ میں درخواست گزار نے دسمبر 2024ء میں کی گئی خرید وفروخت کا حوالہ بھی دیا تھا۔ اس شخص نے مذکورہ پراپرٹی پر تعمیری کام شروع کرنے کی اجازت مانگی تھی، تاہم ریاستی وقف بورڈ کا مسلسل یہ موقف تھا کہ یہ اراضی وقف کی ملکیت ہے اور عاشورخانہ سے مربوط ہے۔ عدالت نے فیصلہ دیا کہ اس طرح کا کوئی بھی معاملہ غیر قانونی اور بیجا ہے۔ ہائی کورٹ نے مزید وضاحت کی کہ موقوفہ جائیدادوں کے حقوق کی ملکیت کا فیصلہ کرنے کے لئے مقامی سطح کے عہدیداروں کے پاس کسی بھی طرح کا اختیار نہیں ہے۔

☆☆☆

بعدازاں ضلع میں ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت نے صنعتوں کے فروغ کے لئے حکومت کی جانب سے اراضی حاصل کرنے کے لئے دئے جانے والے معاوضہ میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان خاندانوں کے مشکلات کو دور کرے گی جن کی زمینات حکومت کی جانب سے حاصل کی گئی ہیں۔ سی ایم کے مطابق اپوزیشن بی آر ایس پارٹی، ان کے حلقہ میں اراضیات حاصل کرنے کے معاملہ میں رکاوٹیں کھڑی کررہی ہیں، جبکہ یہ اراضیات صنعتوں کے قیام اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لئے حاصل کی جاتی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اپنے حلقہ کے عوام کو پینے کے پانی کی سربراہی کو یقینی بنانے کے مقصد سے انہوں نے نارائن پیٹ، کوڑنگل لفٹ اریگیشن پراجکٹ کو شروع کیا ہے۔ ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت کئی ایسے کام شروع کرسکتی ہے جسے پیشرو حکومت اپنے 10 سال کے دوران انجام نہیں دے سکی، جن میں سرکاری محکموں میں 50 ہزار ملازمتوں کی فراہمی، کسانوں کے قرض جات کی معافی، گروہا لکشمی اور دیگر اسکیمات شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ نے اس موقع پر عوام کو یقین دلایا کہ ان کی حکومت ان تمام پراجکٹس کو مکمل کرے گی جو ادھورے رہ گئے ہیں۔

☆☆☆

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ ہندوستان کی اختراعی معیشت ابھر کر 30 بلین ڈالر صنعتوں پر آ گئی ہے جبکہ کام کا 8 فیصد حصہ تقریباً 2.5 فیصد جی ڈی پی فراہم کر رہا ہے۔ انگریزی اور ہندی روزناموں کے لئے لکھے ایک مضمون میں ویشنوی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ صنعت ایک طاقتور فورس ہے جو مارکٹ کے شعبہ پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اس کے تحت ہمہ وقتی مواد تیار کرنے والے دو لاکھ سے زیادہ افراد کی قدر 3 ہزار کروڑ روپے سے زائد ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس نظریہ کے تحت انڈین انسٹیٹیوٹ آف کریٹیو ٹکنالوجی قائم کی گئی ہے جو حکومت کے عزائم کو پورا کرے گی۔

☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے تلنگانہ کا دو روزہ دورہ کریں گی۔ وہ اپنے دورہ کے دوران حیدرآباد میں کل ایک کروڑ دیا جلانے کے پروگرام میں شرکت کریں گی۔ اس کے علاوہ وہ پرسوں شلپا رامم میں لوک منتھن 2024ء پروگرام سے افتتاحی خطاب کریں گی۔ لوک منتھن کا چوتھا ایڈیشن حیدرآباد میں کل سے شروع ہوگا۔ یہ ایک بین الاقوامی کانفرنس اور کلچرل فیسٹول ہے۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بتایا کہ اصل پروگرام شلپا کلا ویدیکا میں منعقد ہوگا جبکہ اس سے متصل شلپا رامم میں ایک نمائش کلچرل فیسٹول منعقد کیا جائے گا۔ سابق نائب صدر وینکیا نائیڈو کل اس نمائش اور فیسٹول کا آغاز کریں گے۔

☆☆☆

تلنگانہ بھر میں رات کے دوران درجہ حرارت میں کمی واقع ہونے کے چند دن بعد شدید سردی کے سلسلہ میں عوام کے لئے ایک ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔ ماحولیاتی تبدیلی کے قومی پروگرام اور صحت و خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کی جانب سے تلنگانہ کے علاوہ دیگر 16 ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے لئے اڈوائزری جاری کی گئی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ ان ریاستوں میں بعض مقامات پر سردی کی شدید لہر ہو سکتی ہے۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے سال 2025ء کے دوران مختلف سینئر آئی پی ایس آفیسرس کے ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتے ہوئے ایک سرکاری اعلامیہ جاری کیا ہے۔ اس حکم نامہ کے تحت ریاستی ڈی جی پی ڈاکٹر جتندر، ڈائرکٹر جنرل ویجلنس اینڈ انفورسمنٹ سرینواس ریڈی، اڈیشنل کمشنر ٹریفک وشوا پرساد، روی گپتا خصوصی چیف سکریٹری برائے حکومت شامل ہیں، جو آئندہ برس سبکدوش ہو جائیں گے۔

☆☆☆

ریاست میں سرگرم اینڈرائیڈ پیکیج کٹ اسکام کے کیسس کے ضمن میں تلنگانہ سائبر سیکوریٹی بیورو نے عوام کو سائبر خطرات کے تعلق سے محتاط رہنے کا انتباہ دیا ہے۔ ڈائرکٹر، ٹی جی ایس سی بی شیکھا گوئل نے کہا ہے کہ دھوکہ باز افراد واٹس ایپ پر پی ایم کسان اور پی ایم یوجنا کی جعلی لنک کے ذریعہ اے پی کے فائلز روانہ کر رہے ہیں جب کوئی شخص اس لنک کو کھولتا ہے تب ایک اپلی کیشن ڈاؤن لوڈ ہو جاتا ہے جس کے ذریعہ اس شخص کا فون ہیک ہو جاتا ہے اور اسے مالی نقصان بھی برداشت کرنا پڑ سکتا ہے۔ شیکھا گوئل نے عوام سے کہا کہ اس طرح کے کسی بھی لنک پر کلک نہ کریں۔